سوال

میں نے اپنی بیوی سے اسلامی طریقہ کے مطابق شادی کی، اور میرے بھائی نے شہریت حاصل کرنے کےلیے اس سے عرفی اور کاغذی نکاح کرلیا، میری بیوی کو خدشہ ہے کہ کہیں یہ حرام نہ ہو، ہم ہر وقت اسی بارہ میں مناقشہ کرتے رہتے ہیں، میری بیوی اس میں بہت پریشان ہے، گزارش ہے کہ آپ اس مسئلہ کی وضاحت کریں ؟

جواب

الحمد للہ

جب آپ کا نکاح پہلے اور شرعی شروط کے ساتھ ہوا ہے تو پھر بیوی آپ کی ہے اور آپ کے بھائی کا نکاح باطل ہے، جس کا کوئی اعتبار نہیں ہوگا، آپ کے بھائی پر واجب ہے کہ اپنے کیے پر اللہ تعالی کے ہاں توبہ کرے۔

اور آپ دونوں پر بھی واجب ہے کہ اگر آپ نے اس میں اس کا تعاون کیا ہے تو آپ دونوں بھی توبہ کریں، اور آپ کی بیوی کو مطمئن رہنا چاہیے کہ جب اس میں شرعی طور پر شروط پوری کے ساتھ وہ نکاح ہوا ہے تو آپ دونوں کا نکاح صحیح ہے۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی سیدھے راستہ کی راہنمائی کرنے والا ہے۔

واللہ اعلم

اسلام سوال وجواب

4458